اُردو

بال بھارتی



چھٹی جماعت

بھارت کا آئین

حصہ 4 الف

بنیادی فرائض

حصہ 51 الف

بنیادی فرائض - بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی و کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

محکمۂ تعلیمات سے منظور شدہ تحت نمبر
م۔ر۔ش۔س۔ پر۔پ/ اَ۔وی۔وی۔/ش۔پر/ ۱۶-۲۰۱۵ء/ ۱۶۷۳/ مؤرّخہ ۶/اپریل ۲۰۱۶ء

47B06D

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

اُردو

بال بھارتی

چھٹی جماعت



महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پہلا ایڈیشن : ۲۰۱۶ء (2016)
پانچواں اصلاح شدہ ایڈیشن : ۲۰۲۱ء (2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴

نئے نصاب کے مطابق مجلسِ ادارت اور مجلسِ مشاورت نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

پیش لفظ

''درسیات کا قومی خاکہ ۲۰۰۵ء'' اور ''بچّوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کے حق کا قانون-۲۰۰۹ء'' کو مدنظر رکھ کر ریاست مہاراشٹر میں ''پرائمری تعلیم کا نصاب ۲۰۱۲ء'' تیار کیا گیا۔ تعلیمی سال ۲۰۱۴-۲۰۱۳ء سے حکومت کے منظور کردہ اس نصاب پر کارروائی کا بتدریج آغاز ہوا۔ حکومت کے منظور کردہ اس نصاب پر مبنی چھٹی جماعت کی درسی کتاب 'اُردو بال بھارتی' مرتب کی گئی ہے جسے آپ کے سامنے پیش کرتے ہوئے ہمیں بڑی مسرّت محسوس ہورہی ہے۔

درس و تدریس کا عمل طالب علم مرکوز اور مسرت بخش ہو نیز خود آموزی پر زور دیا جائے ایسے وسیع مقاصد کے مدنظر یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے۔ ابتدائی تعلیم کے مختلف مرحلوں میں طلبہ میں کون سی مخصوص صلاحیت پروان چڑھے، درس و تدریس کرتے وقت یہ واضح ہونا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے اس درسی کتاب میں زباندانی سے متعلق متوقع صلاحیتوں کا تعین کیا گیا ہے۔

درسی کتاب میں عمر کے اس گروہ سے تعلق رکھنے والے بچوں کی جذباتی دنیا سے ہم آہنگ نثر اور نظموں کو شامل کیا گیا ہے۔ زباندانی کی صلاحیتوں کے فروغ کے لیے جدید طرز کی مشقیں اور سرگرمیاں دی گئی ہیں۔ 'تلاش و جستجو، وسعت میرے بیان کی، کیا ہم یہ کرسکتے ہیں؟، غور کر کے بتایئے، زورِ قلم، درجہ بندی، ترتیب دیجیے، لفظوں کا کھیل، نظم خوانی، خود آموزی، بات سے بات چلے، نقل نویسی، سیر بین، اپنی امداد دیکھ' وغیرہ عنوانات کے تحت مشقوں کے ذریعے طلبہ کی قوتِ مشاہدہ، قوتِ تخیل اور قوتِ عمل پر زور دیا گیا ہے۔ عنوان 'آیئے، زبان سیکھیں' کے تحت قواعد کے اجزا کو آسان زبان میں پیش کیا گیا ہے۔ زبان کی افہام وتفہیم، نئے الفاظ برتنا، روزمرہ اور محاوروں کا استعمال کرنا اور قواعد کے بارے میں آگہی پیدا کرنا ان مقاصد کے تحت مسرت بخش اور آسان زبان میں درسی کتاب میں مواد شامل کیا گیا ہے۔ ماحولیات کے تئیں ذمہ داری، اخلاقی اقدار، قومی یکجہتی اور حب الوطنی جیسے جذبات کو پروان چڑھانے کے لیے کافی مواد دیا گیا ہے۔ تصویروں کا مشاہدہ، ان پر بات چیت اور ان کے بارے میں خود کے خیالات کا اظہار کرنے سے طلبہ میں علمی شعور بیدار ہوگا۔ طلبہ از خود مضمون نویسی کریں، ذاتی خیالات کا اظہار کریں اس مقصد کے تحت متنوع سوالات اور سرگرمیاں درسی کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔

زیرِ نظر درسی کتاب میں ماحولیات سے متعلق متن بھی شامل ہے۔ درس و تدریس کے دوران اساتذہ اس امر کو ملحوظ رکھیں کہ جماعت میں جو کچھ سکھایا جائے، وہ اسکول سے باہر کی دنیا اور روزمرّہ زندگی کے معاملات سے لازمی طور پر مربوط ہو۔

کتاب کو حتّی الامکان معیاری اور بے عیب بنانے کے لیے اس کا مسودہ مہاراشٹر کے مختلف علاقوں کے منتخب اساتذہ، ماہرینِ تعلیم اور ماہرینِ زبان کی خدمت میں تبصرہ کے لیے پیش کیا گیا تھا۔ اُن کے پیش کردہ مشوروں اور تجاویز کی روشنی میں مسودے میں ضروری ترمیم کر کے اسے قطعی شکل دی گئی ہے۔

اس موقع پر ادارہ اُردو لسانی کمیٹی کے ان تمام اراکین کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے جو اس کتاب کی ترتیب و تدوین میں خلوص و تندہی سے مصروف رہے اور کتاب کی تیاری کے ہر پہلو سے دلی طور پر وابستہ رہے۔ اسی طرح ان تمام ماہرینِ تعلیم، اساتذہ، مصوّر، مجلسِ ادارت اور مجلسِ مشاورت کا بھی ادارہ تہِ دل سے شکرگزار ہے جن کے تعاون سے یہ کتاب پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے۔ توقع ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور سرپرست اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔

(ڈاکٹر سنیل مگر)
ڈائرکٹر
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

پونہ۔
تاریخ : ۹ رمئی ۲۰۱۶ء
بھارتی سَور : ۱۹ رویشاکھ، ۱۹۳۸

- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- محمد حسن فاروقی (مہمان رکن)
- سلیم شہزاد (رکن)
- سلام بن رزّاق (رکن)
- احمد اقبال (رکن)
- ڈاکٹر قمر شریف (رکن)
- مشتاق بونجکر (رکن)
- ڈاکٹر محمد اسداللہ (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- فاروق سیّد (رکن)
- خان نوید الحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

Co-ordinator :
Khan Navedul Haque Inamul Haque
Special Officer for Urdu, Balbharati

D.T.P. & Layout
Sayyed Asif Nisar,
Yusra Graphics,
Shop No. 5, Anamay Building,
305, Somwar Peth, Pune - 411 011

Artist:
Shri Rajendra Girdhari

Cover:
Smt. Reshma Barve

Production:
Shri Sachitanand Aphale,
Chief Production Officer
Shri Sachin Mehta, Prod. Officer
Shri Nitin Wani, Assistant Prod. Officer

Paper: 70 GSM Maplitho

Print Order : N/PB/2021-22/5,000

Printer : M/S. SOHAIL ENTERPRISES, THANE

Publisher :
Shri Vivek Uttam Gosavi
Controller
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025

بھارت کا آئین

تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت و سنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:
انصاف، سماجی، معاشی اور سیاسی؛
آزادی خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت؛
مساوات بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،
اور ان سب میں
اُخوّت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدھاتا۔

پَنجاب، سِندھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچھّل جَلَ دِھ تَرَنگ،

تَوشُبھ نامے جاگے، تَوشُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَوجَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

عہد

بھارت میرا ملک ہے۔سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

ہدایات برائے اساتذہ

* تعلیمی سال کے آغاز پر ابتدائی جانچ کے ذریعے بچوں کی ذہنی سطح کا تعین کریں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے حسبِ ضرورت تمام بچوں کی اس طرح تربیت کریں کہ اُن میں مطلوبہ استعداد پیدا ہو جائے۔

* درسی کتاب کا ایک اہم مقصد زباندانی ہے۔ اسباق کی تدریس سے قبل اس سے واقفیت حاصل کریں۔ کتاب کی ابتدا میں دیے ہوئے نصاب میں آموزش کے حاصل/مطلوبہ استعداد کی نشاندہی کی گئی ہے۔

* اس کتاب کے اسباق کو چار اکائیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر اکائی میں نظم اور نثر کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ کون سے ماہ کس اکائی کی تکمیل کی جائے گی، اسے واضح کیا گیا ہے۔ اساتذہ اپنی سہولت کے مطابق اسباق کی ماہانہ تقسیم میں تبدیلی کرنے کے مجاز ہیں۔

* اسباق کی تکمیل سے مراد بچوں میں مطلوبہ استعداد کا حصول ہے۔ بچوں میں ہر استعداد کا حصول زیادہ سے زیادہ ہو، اس کے بعد ہی دوسرا سبق شروع کرنا بہتر ہوگا۔

* بچوں میں غور و فکر کی عادت ڈالنے اور سبق کی جانب رغبت دلانے کے لیے بعض اسباق سے پہلے مفہوم و موضوع سے متعلق کچھ مواد اور تصویریں تمہید کے طور پر شامل کی گئی ہیں۔ ان کے تعلق سے سوالات دیے گئے ہیں۔ ان سوالات کا مقصد بچوں میں زبان کی تفہیم اور گفتگو کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ اس تمہید کو "پہلی بات" کی ذیلی سرخی دی گئی ہے۔ "جان پہچان" کی سرخی کے تحت شاعر یا ادیب کا تعارف کرایا گیا ہے۔

* جن الفاظ کے معنی بچے نہیں جانتے، وہ انھیں دوسروں سے معلوم کریں یا اساتذہ خود انھیں لغت کے ذریعے معنی تلاش کرنے کی ترغیب دیں۔ درسی کتاب کے ہر سبق کے بعد سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے معنی و اشارات کی فہمائش کر دی گئی ہے۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ بچے بہر صورت انفرادی طور پر سبق کا مطالعہ کریں۔

* سبق کی نوعیت کے مطابق اساتذہ تدریسی حکمتِ عملی کا انتخاب کریں۔ تدریسی طریقہ کوئی بھی ہو مگر بچوں کو سوال کرنے کا موقع فراہم کرنا اور سبق میں تمام بچوں کی شرکت کو ممکن بنانا اہم ہے۔

* درسی کتاب کی کہانیوں کی تدریس کے وقت کہانی کا کچھ حصہ اس طرح بیان کیا جائے کہ باقی حصہ بچے اپنے طور پر سمجھنے کی کوشش کریں۔ اس مقصد کو حاصل کرنے اور ان میں دلچسپی پیدا کرنے کے لیے ان سے کہانی کا مطالعہ کروایا جائے۔

* اساتذہ بچوں کو ایسا موقع فراہم کریں کہ وہ اسباق کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔ ان کے اظہارِ خیال کو رد نہ کیا جائے، نیز ان کی بیان کی ہوئی خوبیوں اور خامیوں کا صبر و تحمل کے ساتھ تجزیہ کریں۔ مختلف زاویوں سے بچوں کو سوچنے کا موقع دیں مثلاً سبق میں بیان کردہ حالات میں اگر وہ ہوتے تو کیا کرتے؟

* تدریسی و اکتسابی سرگرمیوں کے بعد مشقوں کا اہتمام حسبِ ذیل طریقے پر کرنا مناسب ہے:

i. ایک جملے والے جواب پورے جملے میں بولے اور لکھوائے جائیں۔ اسی طرح دیگر سوالوں کے جواب بھی پورے جملوں میں

لکھوائیں۔

ii. پہلی بار مشقوں کے لیے الگ الگ عنوانات کے تحت ذیلی سرخیاں قائم کی گئی ہیں جن کا مقصد بچوں کی ذہنی صلاحیتوں کو فروغ دے کر ان کے لسانی اور جمالیاتی ذوق کو پروان چڑھانا ہے۔ ان کے علاوہ ذیلی سرخیوں کا مقصد متعلقہ مشقوں کی وضاحت بھی ہے۔

iii. مشق کا اہتمام اجتماعی سرگرمی کے طور پر کیا جائے۔

iv. اجتماعی بحث کے بعد مشقیں انفرادی طور پر حل کروائیں۔

v. سوالوں کے جوابات تمام بچوں سے اخذ کیے جائیں، غلطیوں کی تصحیح کو انفرادی طور پر لکھوائیں۔

vi. تعلیمی سرگرمیوں/منصوبوں کے بارے میں بچوں کو آگاہ کریں اور عملی طور پر گروپ میں ان کی تکمیل کروائیں۔ مشقوں میں ''تلاش و جستجو'' اور ''خود آموزی'' کے تحت سرگرمیاں ہی شامل کی گئی ہیں۔ اس بات کو ذہن نشین رکھ کر منصوبوں اور سرگرمیوں کے لیے مدرسے کی لائبریری کا زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جائے۔ منصوبوں کی نمائش کا اہتمام ضروری ہے۔ منصوبوں کو مدرسے کی لائبریری میں محفوظ رکھیں۔

vii. 'آیئے زبان سیکھیں' کے تحت قواعد کے بعض تصورات کو آسان تر زبان میں سمجھایا گیا ہے۔ ان پر دی گئی مشقیں حل کرنے سے قبل بچوں کو سمجھانے کے لیے زیادہ سے زیادہ مثالیں دیں۔ اس کے بعد طلبہ کو اس بات کی ترغیب دی جائے کہ وہ انفرادی طور پر زبان کے ایسے ہی دوسرے جملے بنا سکیں۔

* اساتذہ مختلف تعلیمی، علمی، سیاحتی، سائنسی، معلوماتی وغیرہ اردو/ انگریزی ویب سائٹس کے بارے میں طلبہ کو معلومات فراہم کرتے رہیں۔ انگریزی/ مراٹھی کے دو تین آسان اقوال کا اُردو میں ترجمہ کروائیں۔ اقدار کی تعلیم کے تحت اسباق کی مناسبت سے اقدار کی نشاندہی کریں۔

* بعض اسباق کے اختتام پر 'کیا ہم یہ کر سکتے ہیں؟' عنوان کے تحت جانچ کے لیے سوالات دیے ہوئے ہیں۔ یہ سوالات بچوں کے لیے ہیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کا اندازہ لگا سکیں اور انھیں اپنے لفظوں میں واضح کر سکیں۔ اس کے بعد جس مطلوبہ تعلیمی استعداد میں بچے زیادہ کمزور ہوں، اسے دور کر کے مطلوبہ معیار تک لانے کی کوشش کی جائے۔

* جس سبق کی تدریس کی جا رہی ہو، اس کی مناسبت سے درج ذیل تعلیمی قدروں پر مباحثہ کروائیں مثلاً انسانی و اخلاقی اقدار، تہذیب و تمدن، وطن دوستی، مساوات، انسانیت، سائنسی نقطۂ نظر، ماحول کا تحفظ، خصوصی توجہ کے مستحق بچوں سے ہمدردی وغیرہ کے لیے طلبہ کے برتاؤ میں تبدیلی کی کوشش کریں۔

* مسلسل اور ہمہ جہت جانچ کے تحت استعداد کے مطابق بچوں کی ترقی درج کرتے رہیں۔ اکتوبر اور اپریل کے مہینوں میں میقاتی جانچ منعقد کریں۔

* بچوں سے روزانہ ڈائری لکھوائیں، اس کے لیے ان کے پاس ایک بیاض ہونی چاہیے۔ مطالعہ کی گئی کتابوں، سنے ہوئے اسباق، تعلیمی سرگرمیوں اور منصوبوں کی بنیاد پر ڈائری لکھنے کا بچوں کو پابند بنائیں۔ ان کو اپنے خیالات و احساسات کا اظہار تحریری طور پر کرنے کی خصوصی ترغیب دیں۔ حسب موقع طلبہ کو مختلف موضوعات دے کر فی البدیہہ تقریر کے مواقع بھی فراہم کریں۔

چھٹی جماعت کی درسی کتاب کا خاکہ

چھٹی جماعت کے لیے اُردو زبان کے نصاب اور صلاحیتوں کی بنیاد پر یہ درسی کتاب تیار کی گئی ہے۔ اس میں زبان کی بنیادی صلاحیتوں اور ماحول سے متعلق عوامل کی تعلیم کے لیے زبان و ادب سے نثری اور منظوم اصناف شامل کی گئی ہیں۔ ان اصناف میں کہانیاں، مضامین، نظمیں اور ڈراما وغیرہ شامل ہیں جن کی لسانی تدریس میں بعض ایسے موضوعات کا خیال رکھا گیا ہے جو قومی، تہذیبی، انسانی اور تعلیمی مقاصد کی تکمیل کرنے والے ہیں۔ ان موضوعات میں انسانی سماجی زندگی کی بہت سی اقدار کا احاطہ بھی کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ طلبہ کی زندگی کے بعض عملی، طبعی اور ذہنی عوامل کی تشکیل و ترقی بھی اس نصاب کا خاص مقصد ہے۔ اسباق کی تدریس سے پہلے نصاب کا بغور مطالعہ کر لینا ضروری ہے تاکہ مقصد اور حاصلِ مقصد میں مطابقت ہو سکے۔

درسی کتاب کی نثری و منظوم مشمولات میں زبان دانی کے ساتھ درج ذیل موضوعات کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔

۱۔ گاؤں کی زندگی

۲۔ سماجی اور اخلاقی قدروں کا فروغ

۳۔ حب الوطنی کے جذبے کو پروان چڑھانا اور قومی شخصیات کی معلومات

۴۔ موسمیات اور ماحولیات

۵۔ تفریح اور سائنسی معلومات

۶۔ عزم اور خود اعتمادی کی ترغیب

۷۔ طنز و مزاح

درج بالا موضوعات کے ذریعہ ایمانداری، سچائی، تعاون، عزت، معذوروں کے ساتھ برابری کا سلوک، مساواتِ مرد و زن، وقت کی پابندی، بھائی چارہ، ہمدردی وغیرہ اقدار کی تعلیم بھی دی جا سکتی ہے۔

قدر پیمائی:

۱۔ درسی کتاب میں طلبہ کی صلاحیتوں کی جانچ کے لیے زبانی، تحریری اور تفویضی طریقے استعمال کیے جائیں۔

۲۔ طلبہ کی معلومات اور صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مستقل جانچ پر زور دیا جائے۔

۳۔ کمزور طلبہ کی قدر پیمائی کے لیے معالجاتی طریقے اپنائے جائیں۔

۴۔ قدر پیمائی میں والدین اور سرپرستوں کی شرکت کو ضروری قرار دیا جائے تاکہ ان کے ذریعے کی گئی جانچ کے نتائج کو استاد اپنے اندراجات کا حصہ بنا سکے۔

۵۔ قدر پیمائی کے روایتی طریقوں کے ساتھ ہی ان میں تنوّع کا بھی خیال رکھا جائے۔

آموزشی ماحصل - جماعت ششم (اُردو زبان)

درس میں تجویز کردہ تعلیمی عمل		آموزشی ماحصل
• سی ڈی/ ڈی وی ڈی کے ذریعے مناجات کو سننا۔ مناجات کا خلاصہ تحریر کرنا۔ مناجات کو سمجھ کر سوالوں کے جواب دینا۔ پسندیدہ حمد، مناجات، دعا تلاش کر کے پڑھنا۔	06.04.01	حمد، دعا، مناجات کے فرق کو سمجھتا ہے۔ خدا کی صفات سے واقف ہوتا ہے۔ مناجات کو تحت اور ترنم سے پڑھتا اور سنتا ہے۔ مناجات کے اشعار کے مفہوم کو سمجھتا ہے اور بیان کرتا ہے۔
• عظیم شخصیتوں کی سیرت کا مطالعہ کرنا۔ بیان اور گفتگو میں صحیح زبان کا استعمال کرنا۔ پسندیدہ شخصیت سے متعلق مضمون تحریر کرنا۔	06.04.02	اسلامی نظام حکومت کے معنی و مطلب کو سمجھتا ہے۔ حضرت عمرؓ کی سیرت، شخصیت کے اہم پہلوؤں کو بیان کرتا ہے، لکھتا ہے۔ اس سے متعلق گفتگو کرتا ہے۔ نئے الفاظ اور ان کے استعمال پر غور کرتا ہے۔
• نظم کا خلاصہ تحریر کرنا۔ صبح/ شام کے منظر سے متعلق مضمون لکھنا۔ سائنسی/ جغرافیائی معلومات پر دوستوں سے گفتگو کرنا۔ نظم کو تحت/ ترنم میں پڑھنا۔	06.04.03	موضوعاتی نظم سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ نظم کی مدد سے جغرافیائی و سائنسی معلومات حاصل کرتا ہے۔ معلومات سے متعلق اظہارِ خیال کرتا ہے۔ تحریر کرتا ہے۔ شعر کا مطلب بیان کرتا ہے۔ غور کر کے وجہ بتاتا ہے۔ منظر کشی کرتا ہے۔ مصرعوں کو نثر میں لکھتا ہے۔
• کسی شخصیت کے بارے میں پڑھ کر شخصیت کا خاکہ لکھنا۔ خلافت تحریک کے بارے میں معلومات کا مطالعہ کرنا۔ جدوجہد آزادی میں حصہ لینے والے رہنماؤں کی زندگی کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کرنا/ سننا/ بولنا/ لکھنا۔	06.04.04	تحریکِ آزادی کی لڑائی میں عام شہریوں کی شمولیت سے واقف ہوتا ہے۔ جذبہ حب الوطنی سے تحریک پاتا ہے۔ خلافت تحریک کی سرگرمیوں کو جانتا ہے۔ کہانی سے شخصیت کا خاکہ سمجھتا ہے۔ مجاہدینِ آزادی کی کوششوں کا جائزہ لیتا ہے۔
• نظم کو ترنم سے گنگنانا۔ ہم صوت الفاظ کی جوڑیاں بنانا۔ انھیں حروفِ تہجی کی ترتیب میں لکھنا۔ نئے الفاظ کا درست املا تحریر کرنا۔	06.04.05	جانداروں سے محبت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ نظم کے ہم صوت الفاظ سے لطف اُٹھاتا ہے۔ نظم کو ترنم سے پڑھتا/ سناتا ہے۔ نظم کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔ اشعار کو نثر میں تحویل کرتا ہے۔ فطرت کے نظاروں پر مضمون لکھتا ہے۔
• 'بارش - رحمت ہے یا زحمت' پر مضمون تحریر کرنا۔ درسی متن کا خاموش مطالعہ/ بلند خوانی کرنا۔ موسم سے متعلق خبروں/ محکمہ موسمیات کی اطلاع پر گفتگو کرنا۔ انٹرنیٹ/ ٹی وی سے موسم سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔	06.04.06	ادب کی صنف طنز و مزاح سے متعارف ہوتا ہے۔ برسات کی پریشانیوں کو پڑھ کر لطف اندوز ہوتا ہے۔
• نئے الفاظ کے معنی تلاش کر کے لکھنا۔ یومِ نسواں کے موقع پر تقریر و تحریر پیش کرنا۔ عورت کی عظمت پر مضمون لکھنا۔	06.04.07	ماں، بہن، بیٹی، عورت کی سماجی اور گھریلو حیثیت سے واقف ہوتا ہے۔ خواتین کی اہمیت و عظمت سے متاثر ہوتا ہے۔
• شخصیت کے بارے میں دیگر کتابوں اور ذرائع سے معلومات حاصل کرنا۔ کردار سے متعلق ۸-۱۰ سطریں لکھنا۔ شخصیت کی دیگر تصانیف کا مطالعہ کرنا۔ مشغلاتی سرگرمیاں انجام دینا۔	06.04.08	کتاب کی خوبیوں سے واقف ہوتا ہے۔ خیالات کو تحریر کرتا ہے۔ لغت، انٹرنیٹ اور لائبریری کی کتابوں سے استفادہ کرتا ہے۔
• نظم پڑھ کر کتب بینی سے متعلق مضمون لکھنا۔ مطالعہ کی اہمیت پر اظہارِ خیال کرنا۔ انٹرنیٹ اور لائبریری سے پسندیدہ کتابیں تلاش کر کے پڑھنا۔	06.04.09	موسموں سے متعلق معلومات حاصل کرتا ہے۔ نظم کو ترنم اور تحت میں پڑھتا ہے۔ نئے الفاظ، روزمرہ کے مرادی معنی سے واقف ہوتا ہے۔ گرمی کے موسم کی کیفیات کو ظاہر کرنے والے الفاظ سے شعر کا مطلب بیان کرتا ہے۔ اشعار میں متضاد الفاظ پہچانتا ہے۔
• وقت کی پیمائش کے لیے گھڑی کی ضرورت پر گفتگو کرنا۔ انٹرنیٹ سے قدیم طرز کی گھڑیوں سے متعلق معلومات اور تصویریں حاصل کرنا۔ معلومات سے متعلق تبادلہ خیال کرنا۔ اسم اور اس کی قسموں کو جملے میں شناخت کرنا۔	06.04.10	انتخابی مہم کے دوران اُمیدواروں کے دعوؤں کا تذکرہ طنز و مزاح کے انداز میں کرتا ہے۔ تحریر میں اعراب اور علاماتِ اوقاف کا مناسب استعمال کرتا ہے۔ سبق کا اصل مفہوم سمجھ کر بیان کرتا ہے۔ گفتگو میں مختلف ضمیروں کا استعمال کرتا ہے۔
• نظم کو سمجھ کر سوالوں کے جواب لکھنا۔ گرمی کی کیفیات کو نظم اور تجربے کی روشنی میں بیان کرنا۔ مصرعوں میں روزمرہ کی نشاندہی کرنا۔	06.04.11	دھوپ گھڑی سے کلائی گھڑی تک کی تبدیلیوں سے واقف ہوتا ہے۔ گھڑی کی قسموں اور ان کی تکنیک سے واقف ہوتا ہے۔ اس پر گفتگو کرتا ہے۔ انٹرنیٹ اور دیگر ذرائع سے اس پر معلومات جمع کرتا ہے۔ سبق سے قواعد کے حصوں کی معلومات حاصل کرتا ہے۔
• نظم کو ترنم اور تحت میں پڑھنا۔ لفظوں کے معنی و مرادی معنی لکھنا۔ خوبیوں اور خرابیوں پر گفتگو کرنا۔ ہونہار بچوں سے متعلق کہانیاں تلاش کر کے پڑھنا۔ اظہارِ خیال کرنا۔ مکالمہ تحریر کرنا۔ روداد بیان کرنا۔	06.04.12	ہونہار بیٹے کی صفات سے آگاہ ہوتا ہے۔ نئے الفاظ کے لفظی و مرادی معنی سے واقف ہوتا ہے۔ ہونہار بیٹے کی خوبیاں بیان کرتا ہے۔ خوبیوں اور خرابیوں میں فرق کرتا ہے۔ نظم کے اشعار کا مطلب بیان کرتا ہے، تحریر کرتا ہے۔